# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 22 August 2026**
**Time : 07:40 PM**

---

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں سنجو کمار۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ــــ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ نئی دلی میں ملاقات۔

✓ ۲ ــــ ایل جی منوج سنہا کی **IIM** جموں کی **10** ویں سالگرہ تقریبات میں شرکت//ادارے کے ترقیاتی سفر کو کیا اجاگر۔

✓ ۳ ــــ متعدد اہم شخصیات سرینگر میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی//عوامی نوعیت کے معاملات اور ترقیاتی ضروریات پر تبادلہ خیال۔

اور

✓ ۴ ـــ اساتذہ کیلئے اس سال کے قومی ایوارڈس کا اعلان//ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں راجوری کا ایک لیکچرر شامل۔

ایل جی وزیراعظم ملاقات

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج نئی دلی میں وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ ملاقات کی۔ وزیراعظم کے دفتر نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اس بات کی جانکاری دی۔

ایل جی ۔آئی آئی ایم

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج انڈین انسٹی چیوٹ آف منیجمنٹ جموں کی 10 ویں سالگرہ تقریبات میں شرکت کی ۔انہوں نے اس ادارے کے بے مثال سفر کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ادارے نے عالمی سطح کی Recognition حاصل کی ہے جن میں AMBA اور EFMD ایکریڈیٹیشن نیز مختلف مما لک میں پھیلی شراکت داری بھی شامل ہے ۔انہوں نے فیکلٹی ، طلباء اور اس ادارے سے فارغ التحصیل طلباء کو 10 سال مکمل ہونے پر مبارکباد دی ۔انہوں نے کہا کہ ایک دہائی پہلے IIM جموں کنال روڈ جموں سے ایک عارضی کیمپس میں صرف 56 طلباء سے شروع ہوا تھا اور آج کل یہ ملک کے نامور بزنس اسکولوں میں شمار ہوتا ہے ۔انہوں نے IIM پر زور دیا کہ وہ سرحدی معیشتوں میں تحقیق کو تقویت بخشنے کے ساتھ ساتھ ان علاقوں میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کی طرف خصوصی توجہ دیں ۔

سی ایم ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے تمام علاقوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کے عزم کو دہراتے ہوئے کہا ہے کہ ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے نیز لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے متعدد پروجیکٹ در دست لئے گئے ہیں ۔سرینگر میں آج کئی ارکان قانون سازیہ کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پروجیکٹوں کی معیاد بند مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں ۔ان ارکان میں ایم ایل اے کو کرناگ ظفر علی کھٹانہ اور ایم ایل اے سرنکوٹ چودھری محمد اکرم شامل ہیں ۔اس دوران انہوں نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور عوامی مسائل کے بارے میں جانکاری دی ۔اسی دوران ممبران پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان اور گُروِیندر سنگھ بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوئے ۔انہوں نے جموں وکشمیر سے جڑے کئی اہم عوامی معاملات اور ترقیاتی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا۔

سی ایم وفد

دریں اثناء فیڈریشن چیمبر آف انڈسٹریز کشمیر کے ایک وفد نے بھی وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی ۔ وفد نے جموں وکشمیر کے صنعتی شعبے کو درپیش اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں مقامی پیداوار کو فروغ دینے، کاروباری اداروں کی معاونت اور صنعتی سرگرمیوں میں اضافے کے لیے مختلف اقدامات پر گفتگو ہوئی ۔

سکینہ ایتو

صحت وطبی تالیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کلورہ ڈی ایچ پورہ کولگام میں گورنمنٹ آیوش ڈسپنسری کی نئی عمارت کا افتتاح کیا۔اس عمارت کو 30 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے اور اس کی بدولت علاقے کے لوگوں کو بہتر آیوش خدمات دستیاب ہوں گی۔وزیر موصوفہ نے اس موقعے پر کہا کہ موجودہ حکومت خاص طور پر دیہی علاقوں میں طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی وعدہ بند ہے۔اس دوران انہوں نے مقامی لوگوں کے مسائل سنے اور انہیں یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات کو ترجیحی بیادوں پر مکمل کیا جائے گا۔

جاوید رانا

جنگلات وماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا راجپورہ بڑی برہنما سانبہ میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کے مسائل بارے میں جانکاری حاصل کی۔لوگوں نے بجلی ،پانی ،سڑک رابطوں ، آبپاشی ،طبی نگہداشت و دیگر شعبوں کے مسائل وزیر کی نوٹس میں لائے۔انہوں نے کئی ایک مسائل موقعے پر ہی حل کرنے کی ہدایات دیں۔دریں اثناء وزیر موصوف نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران پی ایم ون دھن وکاس یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کی عمل آوری سے قبائیلی طبقے کے لئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ اس طبقے کی خواتین کو بااختیار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔وزیر موصوف نے یوجنا کی موثر عمل آوری پر زور دیا۔

سنیل شرما

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے بجلی فیس میں مبینہ 6 عشاریہ آٹھ تین فیصد اضافے کیلئے نیشنل کانفرنس حکومت کی نکتہ چینی کرتے ہوئے اسے جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ ایک دھوکہ قرار دیا۔ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس ہر ایک کنبے کو 200 یونٹ مفت بجلی فراہم کرنے کے وعدے کے ساتھ اقتدار میں آئی ہے لیکن 2 سال کا وقت گزرنے کے بعد بھی اس وعدے کو پورا نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے غریب اور متوسط کنبوں پر اضافی بوجھ پڑے گا۔

بی جے پی

بھارتیہ جنتا پارٹی نے وندے ماترم کی تاریخی اہمیت کو تحفظ دینے نیز اس کے وقار میں اضافہ کرنے کیلئے ایک قرارداد پاس کی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بی جے پی کے قومی صدر نتن نابین نے کہا ہے کہ بی جے پی ،پارٹی پروگراموں کے دوران وندے ماترم کے صرف پہلے **2** مصرعے گانے کے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے فیصلے کی مذمت اور اس کی مخالفت کرتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ان کی پارٹی ملک کے ہر ایک کونے تک وندے ماترم کی قومی اہمیت،اس کے معنیٰ،تاریخ اور عظیم روایات اجاگر کرنے کیلئے ایک قومی سطح کی مہم شروع کرے گی۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔آج سرینگر میں وادی کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے تمام افرادی قوت اور مشینری کو عوام کی راحت رسانی کے کام پر لگا دیا ہے۔انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ لوگوں کے مسائل حل کرنے کیلئے اپنا اثرورسوخ استعمال کریں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR ، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

ایوارڈ

مرکزی وزارت تعلیم نے اس سال کے نیشنل ٹیچرس ایوارڈس کا اعلان کیا ہے۔اس سال محکمے کی طرف سے ضلعی، ریاستی اور قومی سطح کے سہ رُخی سلیکشن عمل کے ذریعے سے قومی ایوارڈس کیلئے 48 اساتذہ کو نامزد کیا گیا ہے جن میں جموں وکشمیر کے راجوری ضلعے کے ہائر سکینڈری اسکول دلہوری میں بطور لیکچرر تعینات محمد ایاض رینہ بھی شامل ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 5 ستمبر کو یوم اساتذہ کے موقعے پر وگیان بھون نئی دلی میں ان اساتذہ کو یہ ایوارڈس عطا کریں گی۔ قومی ایوارڈ حاصل کرنے پر راجوری کے لیکچرر نے ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

-----V/O-----

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں وادی بھر کی خانقاہوں، مساجد، زیارتگاہوں اور دیگر بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا انعقاد جاری ہے۔

آثار شریف درگاہ حضرتبل میں ایام متبرکہ کے دوران نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات، درودواذ کار اور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہوتی ہیں۔عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید 12 ربیع الاول یعنی 26 اگست کو منائی جارہی ہے۔اس دن درگاہ حضرتبل میں ہر نماز کے بعد فرزندان توحید موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہوتے ہیں۔انتظامیہ نے عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ٹرانسپورٹ، بجلی، پانی، صفائی ستھرائی اور طبی نگہداشت جیسے انتظامات کو حتمی شکل دی ہے۔

چھڑی مبارک

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں چھڑی مبارک آج دشنمی اکھاڑہ سرینگر سے مہنت دیپیندر گیری کی قیادت میں شری امرناتھ جی کی پوتر گپھا کی طرف روانہ کی گئی۔روانہ ہونے سے پہلے دشنمی اکھاڑہ میں ناگ پنچمی کے موقعے پر روایتی چھڑی پوجن کا انعقاد کیا گیا۔اننت ناگ سے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ چھڑی مبارک پہلگام میں دو دن رکھی جائے گی اور اس کے بعد یہ گپھا کیلئے روانہ ہوگی۔ اننت ناگ پہنچنے پر مہنت دپیندر گری نے میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----V/O-----

کوثر ناگ یاترا

سالانہ کوسرناگ یاترا ریاسی کے قدیم شیو مندر سے شروع ہوگئی ہے۔ یاتری آج ماہور سے پیدل کوسرناگ دھام روانہ ہوئے، جہاں کل مقدس اشنان اور مذہبی رسومات ادا کی جائیں گی۔ منتظمین کے مطابق اس سال تقریباً 10 ہزار شردھالوؤں کی شرکت متوقع ہے۔ یاترا کے احسن انعقاد کیلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے سمادھان سماروہ کے تحت منعقد کئے گئے تین روزہ خصوصی لوک عدالت کے پہلے دن 4 سو سے زائد معاملات نمٹائے۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اس پیش رفت سے افہام وتفہیم کے ذریعے معاملات حل کرنے کیلئے عدالت عظمیٰ کی کاوشوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق 16 خصوصی لوک عدالت بنچوں کے سامنے 6 سو سے زائد کیس شنوائی کیلئے رکھے گئے تھے۔

چیف جسٹس

جموں وکشمیر جوڈیشل اکیڈمی نے آج جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کمار کی قیادت اور جموں وکشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے جج جسٹس رجنیش اُوسوال جو جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈمی کی گورننگ کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں، کی نگرانی کے تحت جوڈیشل اکیڈمی مومن آباد سرینگر میں آربیٹریشن اور میڈیئیشن ایکٹ سے متعلق ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

مودی جنم دن

بھارتی جنتا پارٹی وزیراعظم نریندر مودی کے جنم دن کے سلسلے میں ایک ماہ طویل قومی سطح کا سیوا سنکلپ ابھیان چلا رہا ہے، جس دوران عوامی خدمت اور لوگوں بالخصوص نوجوانوں کو خدمت کے جذبے کی طرف راغب کرانے کی طرف توجہ مرکوز کی جائے گی۔ نئی دلی میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے بی جے پی کے قومی جنرل سیکریٹری ونود تاوڈے نے کہا کہ یہ مہم نریندر مودی کے گجرات کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے کے بعد 25 سال مکمل ہونے کی مناسبت سے بھی چلائی جائے گی۔ پارٹی اس دوران وزیراعظم نریندر مودی کی شخصیت کے ساتھ خدمت کے جذبے کی طرف توجہ مرکوز کرانے کیلئے بھی کئی سرگرمیاں عملائے گی۔

ای ڈی آئی

ڈائریکٹر جموں وکشمیر آنٹر پرینور شپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ محمد یونس ملک کی قیادت میں JKEDI نے قلم آباد کپواڑہ کے بائز ہائرسیکنڈری اسکول میں طلباء کیلئے آنٹر پرینیور شپ اور یٹینٹیشن پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام میں طلبا کو کاروباری مواقعے کی نشاندہی، فیصلہ سازی، ٹیم ورک اور مسئلے حل کرنے کے عملی تجربات فراہم کئے گئے۔ بائز ہائرسیکنڈری اسکول کے پرنسپل نے JKEDI کی کاوشوں کو سراہا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20.6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 58 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 09 نٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
خدا حافظ۔